More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

دُعائیں

دین و دُنیا کی دُعائیں

اور

سیرتِ نبویؐ کا ایک اہم باب

از

مولانا سیّد ابوالحسن علی ندوی

ملنے کا پتہ

مکتبۂ اسلام، رؤف مارکٹ، ۴۱ گوئن روڈ لکھنؤ

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

ایڈیشن

۱۴۳۲ھ مطابق ۲۰۱۱ء

قیمت

Rs. 15/-

ناشر

MAKTABA-ISLAM
172/54 MOHAMMAD ALI LANE,
GWYNNE ROAD, LUCKNOW-18

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

فہرست مضامین

نمبر	مضامین	صفحہ
۱	دُعا اور صاحبِ دُعا	۱۱
۲	قرآن کی دُعائیں	۲۳
۳	دین و دُنیا کی جامع دُعائیں	۳۵
۴	مغفرت اور عفو کی دُعائیں	۴۱
۵	دین ایمان خدا کی محبت اور خوف و طاعت کی دُعائیں	۴۵
۶	اخلاق و صفات حسنہ کی دُعائیں	۵۳
۷	اخلاقی روحانی امراض و عیوب سے نجات کی دُعائیں	۶۱
۸	انسانی ضروریات کی دُعائیں	۶۳

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر	مضامین	صفحہ
۹	دُنیاوی مکروہات اور بلاؤں سے حفاظت کی دُعائیں	۶۹
۱۰	کسی نعمت کے حصول پر	۷۷
۱۱	کوئی چیز اچھی لگے	۷۷
۱۲	طلب بارش کے لئے	۷۷
۱۳	نزولِ بارش کے وقت	۷۸
۱۴	ہوا چلتے وقت	۷۸
۱۵	صُبح کے وقت	۷۹
۱۶	شام کے وقت	۸۰
۱۷	جب گھر میں داخل ہو	۸۲
۱۸	جب گھر سے نکلے	۸۲

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر	مضامین	صفحہ
۱۹	جب بازار جائے	۸۳
۲۰	جب سونے لگے	۸۴
۲۱	جب آنکھ کھلے	۸۶
۲۲	جب نیند سے چونکے	۸۷
۲۳	جب بُرا خواب دیکھے	۸۸
۲۴	نیا کپڑا پہنتے وقت	۸۸
۲۵	سفر کا ارادہ کرے	۸۹
۲۶	سفر کے وقت	۹۱
۲۷	سواری پر بیٹھتے وقت	۹۲
۲۸	کشتی پر بیٹھتے وقت	۹۳

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر	مضامین	صفحہ
۲۹	واپسی میں	۹۳
۳۰	بستی میں داخل ہو	۹۳
۳۱	خوشی کے موقع پر	۹۴
۳۲	مصیبت یا کسی کی موت پر	۹۵
۳۳	چاند دیکھ کر	۹۵
۳۴	افطار کے وقت	۹۶
۳۵	لیلۃ القدر کی دعا	۹۷
۳۶	اذان سننے کے بعد	۹۷
۳۷	جب مسجد میں داخل ہو	۹۸
۳۸	جب مسجد سے نکلے	۹۸

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۳۹	وضو کے شروع میں	۹۹
۴۰	وضو کے آخر میں	۹۹
۴۱	کھانے سے قبل	۱۰۰
۴۲	کھانے کے بعد	۱۰۰
۴۳	بیت الخلا جاتے وقت	۱۰۱
۴۴	بیت الخلا سے نکلتے وقت	۱۰۱
۴۵	آئینہ دیکھ کر	۱۰۱
۴۶	جب غصہ آئے	۱۰۲
۴۷	جب چھینک آئے	۱۰۲
۴۸	ملاقات کے وقت	۱۰۲

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر	مضامین	صفحہ
۴۹	جواب	۱۰۳
۵۰	مصافحہ کے وقت	۱۰۳
۵۱	مُسلمان کو ہنستا دیکھ کر	۱۰۳
۵۲	کِسی کو اچھی حالت میں دیکھ کر	۱۰۳
۵۳	کِسی کے یہاں کھانا کھائے	۱۰۴
۵۴	کِسی کو نیا کپڑا پہنے دیکھے	۱۰۵
۵۵	کِسی کو چھینک آتے دیکھے	۱۰۵
۵۶	چھینکنے والا پھر کہے	۱۰۵
۵۷	کِسی کو رُخصت کرے	۱۰۶
۵۸	کِسی کو مُصیبت میں دیکھ کر	۱۰۶

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

نمبر	مضامین	صفحہ
۵۹	عیادت کے وقت	۱۰۷
۶۰	دُعائے شفا	۱۰۷
۶۱	تعزیت کے وقت	۱۰۸
۶۲	نماز جنازہ کی دُعا	۱۰۸
۶۳	اگر بچہ ہو	۱۰۹
۶۴	زیارت قبور کی دُعا	۱۱۰
۶۵	دُعائے استخارہ	۱۱۱
۶۶	دُعائے قنوت	۱۱۳
۶۷	قنوت نازلہ	۱۱۵
۶۸	اذکار مسنونہ	۱۲۱ تا ۱۲۸

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

دُعَا
اور
صَاحبِ
دُعَا

○

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دُعا اور صاحبِ دُعا

اِن دُعاؤں کے پڑھنے، ان کے اسلوب اور الفاظ پر غور کرنے اور دُعا مانگنے والے کے حالات اور معمولات، اس کا شوقِ دُعا اور سرگوشی، اس کا انہماک و لذّت معلوم کرنے کے بعد ہر منصف یہ نتیجہ نکالے گا:۔

(۱) اِن دُعاؤں کا مانگنے والا بہت بڑا رُوحانی شخص تھا جس کا خدا سے خاص تعلق تھا، اس کو اس کی یاد میں مزا آتا تھا، اور اس کی یاد سے بے قرار رہتا تھا، اس کو خُدا سے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

بات کرنے کا خاص ڈھنگ تھا، وہ اُسکے سامنے اپنا دل کھول کر رکھ دیتا تھا، اُس کو اُس پر بہت بھروسہ تھا اور اُسکی رحمت کا یقین تھا۔

(۲) وہ مخلص ضرور تھا، اسلئے اس کو دنیا سے زیادہ آخرت کی طلب اور جسم اور دنیا کی دولت سے زیادہ روح اور دل، اللہ کی مغفرت اور رحمت اور اُس کے ثواب کی فکر ہے، وہ رات کی تاریکیوں اور خاموشیوں میں دعا کرتا ہے اور روتا ہے، پیشانی خاک پر رکھتا ہے، اس کو لوگوں کے دیکھنے اور سننے کی کوئی فکر نہیں بلکہ اس سے بچنا چاہتا ہے حضرت عائشہ رضؓ کی آنکھ رات کو کھل جاتی ہے، دیکھتی ہیں کہ بستر خالی ہے، خیال ہوتا ہے کہ شاید کسی بیوی کے حجرہ میں

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

تشریف لے گئے ہیں۔ ٹٹولتی ہیں تو ہاتھ پیسہ پر پڑتا ہے ــ اور پیشانی خاک پر ملتی ہے، آپ گریہ وزاری اور دُعا میں مصروف ہیں، پیاری بیٹی فاطمہؓ کے پانی بھرتے بھرتے اور گھر کا کام کرتے کرتے ہاتھ پر نشان پڑ گئے ہیں۔ باپ دُنیا کا شہنشاہ ہے لیکن کیسا کہ جب لونڈی غُلاموں کی آمد سُن کر عرض کرتی ہیں کہ ایک خدمت گار مجھے بھی مِل جائے اور ہاتھ اور بدن کے نشانات دکھاتی ہیں تو فرماتے ہیں کہ میں تمھیں ایک خدمت گار سے بھی اچھی چیز بتاؤں، سوتے وقت یہ پڑھ لیا کرو ــ بدر کے میدان میں، فوجیں صف آرا ہیں، لیکن قائد کس عالم میں ہے، ہاتھ خُدا کے سامنے پھیلے ہوئے ہیں، چادر شانوں سے گر گئی ہے اور کہہ رہا ہے کہ اللہ اپنا وعدہ

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

پورا کر، اگر یہ چند مارے گئے تو دنیا میں تیری یکتائی کی منادی کرنے والا کوئی نہ رہے گا۔ طائف سے اس حالت میں واپس ہو رہا ہے کہ تجھے ظالموں کے پتھروں سے زخمی ہیں اور دل اُن کے سلوک سے شکستہ ہے۔ بڑی اُمیدیں لے کر گیا تھا، اور بڑی حسرت سے واپس آ رہا ہے، لیکن زبان سے یہ الفاظ نکلتے ہیں:——

"الٰہی اپنی کمزوری، بیچارگی اور ذلّت کی تجھ سے فریاد کرتا ہوں، تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے، درماندگی سے پریشان اور کمزوروں کا مالک تو ہی ہے، مجھے کس پر چھوڑتا ہے کسی بیگانہ ترش رُو پر یا کسی دشمن کے سپرد کیے دیتا ہے، اگر مجھ پر تیرا غضب نہیں تو مجھے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

بھی کچھ پروا نہیں، لیکن تیری سلامتی میرے لئے زیادہ کشادہ ہے،
میں تیرے ذات کے نور کی پناہ چاہتا ہوں، جس سے تاریکیاں
روشن ہو جاتی ہیں اور دنیا اور دین کے کام بن جاتے ہیں، اس
بات سے کہ تیرا غضب مجھ پر نازل ہو یا تیری ناراضامندی،
مجھے تیری رضامندی اور خوشنودی درکار ہے۔ اور تجھی پر
بھروسہ اور سہارا ہے۔"

(۳) وہ انسانی زندگی اور انسانی ضروریات سے بہت
واقف تھا، دیکھو کن کن چیزوں کی اس نے دعا مانگی ہے اور
کن کن چیزوں سے پناہ مانگی ہے، وہ کہتا ہے کہ میری
سب سے زیادہ فراخ روزی میرے بڑھاپے میں کر، میں برے
پڑوسی سے پناہ مانگتا ہوں مستقل قیام کی جگہ میں۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

(۴) وہ عیوب و نقائص، اخلاقی امراض اور دل میں چھپی ہوئی بیماریوں کو خوب جانتا تھا اور انسانی نفسیات سے بہت واقف تھا، وہ بزدلی، بخل، تکبّر، سینہ کے فساد، دل کے کھوٹ، زبان اور ہاتھ کے شر، بے نفع علم، بے اثر دل، اور نہ سیر ہونے والے نفس سے پناہ مانگتا ہے۔

(۵) وہ فضائل و کمالات و محاسن، اخلاق حسنہ سے بھی بہت واقف تھا اور ان کا بہت قدر شناس اور طالب تھا، کہتا ہے مجھے مسکینوں کی محبّت عطا فرما، مجھ کو میری آنکھوں میں چھوٹا اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنا، صاف دل اور سچّی زبان عطا فرما، میرا باطن میرے ظاہر سے اچھا کر دے اور میرا ظاہر نیک کر دے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس کے علاوہ ان دُعاؤں سے اور بھی فائدے ہیں۔ بہتوں کو اس آئینہ میں اپنی صُورت نظر آجائے گی، اور اپنے چھپے ہوئے یا بھلائے ہوئے عیوب نظر آجائیں گے، بہت سے لوگوں کو اس کے پڑھنے سے اپنے خاص حالات میں بڑی تسکین ہوگی اور اُن کو اپنے زخم کے لئے مرہم مل جائے گا، اور ہر شخص کو اپنے مطابق حال اس میں حصّہ ملے گا، اِس لئے کہ ان دُعاؤں کے مانگنے والے پر انسانی زندگی کے تمام دَور گزرتے تھے، اس کے گھر میں فاقہ بھی ہوتا تھا، موتیں بھی ہوتی تھیں، وہ بیمار بھی ہوتا تھا، اُس کو رنج بھی پہونچتے تھے فکریں بھی ہوتی تھیں، وہ مقروض بھی ہو جاتا تھا، اور اِن سب حالات میں وہ خدا ہی سے کہتا تھا۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اس کے علاوہ اس میں اخلاق کی بہترین تعلیم ہے، غور کرو جو رات کو اُٹھ کر زبان سے کہا کرے گا کہ "میں اس بات کا گواہ ہوں کہ سارے بندے بھائی بھائی ہیں"۔ اس کے دل پر مساوات و اخوّت انسانی کا کیسا گہرا نقش قائم ہو جائے گا اور اس پر اس کے زبان و اقرار کی کیسی مہر لگ جائے گی، جو غریبوں سے محبّت کی دُعا کرے گا، وہ غریبوں سے محبّت کو کیسے ضروری نہ سمجھے گا جو اپنی نظر میں حقیر اور دُوسروں کی نظر میں بڑا بننے کی دُعا کرے گا، وہ تکبّر سے کتنا دُور ہو گا، جو کاہلی، سُستی، بُزدلی، بُخل اور تمام بُری صفات سے بچنے کی اور دل کی صفائی اور زبان کی سچّائی کی دُعا کرے گا، اُس کے قلب و دماغ پر پھر اعمال و اخلاق کا کیسا اثر پڑے گا، وہ بار بار

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

دیکھے گا کہ ایمان کے ساتھ ساتھ حُسنِ اخلاق کی دُعا کی گئی ہے
اور کثرت سے تمام مومن مرد اور عورتوں کے لئے مغفرت اور
رحمت مانگی گئی ہے اور اس کو قبولیت دُعا کا ذریعہ بتایا گیا ہے
تو اس کی نظر میں ان چیزوں کی کتنی اہمیت پیدا ہوگی، یہ اخلاق
محبت و فضائل انسانی کی کتنی حکیمانہ خاموش اور مؤثر تعلیم ہے
پھر جو شخص اُٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے، کھاتے پیتے، سفر
واپسی میں آتے جاتے، ہر تقریب، ہر موقع پر دُعا کرتا رہے گا
اس کی رُوحانیت اور تعلق باللہ کا کیا حال ہوگا اور کیا وہ کبھی خُدا
کو بھول سکتا ہے اور کیا اس کا در چھوڑ کر کسی دُوسرے کے
دروازہ پر جا سکتا ہے اور غیر کے سامنے ہاتھ پھیلا سکتا ہے، اس
لئے یہ توحید کی بھی تعلیم ہے۔ یہ دُعائیں رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

کا مکمل مُسلمان یا انسان کامل کا تخیل پیش کرتی ہیں، یہ مُسلمان اور غیر مسلم سب کے لئے ایک قابلِ قدر تحفہ اور دین و دُنیا کی نعمتوں کا خزانہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہر انسان کو اس میں اکثر دُعاؤں کی ضرورت ہے اور غالباً اُن میں کوئی دُعا ایسی نہیں جس کے مانگنے میں کسی کی دُنیا یا دین کا نقصان ہو۔

والسّلام

ابُوالحسن علی ندوی

دائرہ شیدشاہ علم اللہؒ رائے بریلی

۲۷ رمضان المبارک ۱۳۵۴ھ

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

قرآن کی دُعائیں

○

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قرآن کی دعائیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝	سب تعریف اللہ کے لئے ہے
اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝	جو پالنے والا ہے سارے جہانوں کا
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝	نہایت رحم والا مالک بدلے کے
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ	دن کا، تیری ہی ہم عبادت کرتے
نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا	ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝	دکھا ہم کو سیدھا راستہ، راستہ
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ	ان لوگوں کا جن پر تو نے احسان

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

کیا، نہ ان کا جن پر تیرا غصہ ہوا، اور نہ گمراہوں کا۔

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے ہمارے پروردگار ہمیں دے دُنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور ہم کو بچا جہنم کے عذاب سے۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا

اے ہمارے پروردگار ہم کو نہ پکڑ اگر ہم بھول جاویں، یا چوک جاویں، اے ہمارے پروردگار

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى	نہ رکھ ہم پر بوجھ، جیسے تو نے
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا	ان لوگوں پر رکھا جو ہم سے پہلے
وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ	تھے اور مت اُٹھوا ہم سے وہ
لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا	جسکی ہمیں طاقت نہیں اور معاف
وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا	کر ہمیں اور بخش اور رحم کر ہم پر
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا	تو ہمارا سہارا ہے، ہماری مدد کر
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○	نہ ماننے والوں پر۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا	اے ہمارے پروردگار نہ ٹیڑھے
بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ	کر ہمارے دل اسکے بعد
هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ	کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور عطا کر

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ	ہم کو اپنے پاس سے رحمت
الْوَهَّابُ ○	بیشک تو بہت دینے والا ہے

رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا	اے ہمارے پروردگار ہم نے
مُنَادِيًا يُّنَادِي لِلْاِيْمَانِ	سُنا ایک پکارنے والے کو ایمان
اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا	کے لئے پکارتا ہے تو ہم ایمان
رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا	لے آئے، پس ہمارے پروردگار
وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ	ہمارے گناہ معاف کر اور ہماری برائیاں
تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○	مٹا دے اور ہمکو اٹھا نیکوں کیساتھ.

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَ
الْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا
وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○

تو میرا کارساز ہے دُنیا اور آخرت
میں، مار مجھ کو اپنا فرمانبردار اور
ملا مجھ کو نیکوں سے۔

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ
الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○
رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ
وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ
الْحِسَابُ ○

اے میرے پروردگار مجھ کو اور میری
اولاد کو نماز کا پابند رکھ، اے ہمارے
پروردگار اور میری دُعا قبول فرما۔
اے ہمارے پروردگار بخش مجھ کو
اور میرے ماں باپ کو اور سب
مومنوں کو جس دن حساب ہو۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا
رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا ۝

اے میرے پروردگار میرے ماں باپ
پر رحم کر جیسے انھوں نے مجھے پالا چھوٹا۔

رَبَّنَا اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ
رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ
اَمْرِنَا رَشَدًا ۝

اے ہمارے پروردگار ہم کو اپنے پاس
سے رحمت دے اور ہمارے کام میں
درستی کر۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ
اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا
قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا
لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

اے ہمارے پروردگار ہماری
بیویوں اور اولاد سے ہماری
آنکھیں ٹھنڈی کر اور ہم کو
پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝ مجھے رسوا نہ کرنا اُس دن جب

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا سب اُٹھائے جائیں، جس دن

بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى کام نہ آئے گا مال نہ اولاد، مگر

اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ جو لائے اللہ کے پاس دل صاف

رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ اَشْكُرَ اے میرے پروردگار مجھے توفیق دے

نِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ کہ شکر کروں تیرے اس احسان کا

عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ پر کیا، اور اسکا کہ میں ایسے کام کروں

وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ جن سے تو راضی ہو اور مجھے داخل

عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ کر اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ	اے ہمارے پروردگار تو ہر چیز پر۔
رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ	اپنی رحمت حاوی ہے بخش ان
لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا	لوگوں کو جنھوں نے رجوع کیا
سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ	اور تیرے راستہ کی پیروی کی اور
الْجَحِيْمِ ○ رَبَّنَا وَ	ان کو بچا جہنم کے عذاب سے اے
اَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ	ہمارے پروردگار انکو داخل کر ہمیشگی
الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ	کے باغوں میں جن کا تو نے ان سے
صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ	وعدہ کیا ہے اور جو لائق ہو انکے
اَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ	باپ داداؤں اور بیویوں اور اولاد
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○	میں بیشک تو غالب اور حکمت والا ہے۔
وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ وَمَنْ	اور ان کو بچا برائیوں سے اور جس کو

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ	تو بچائے برائیوں سے اس دن
فَقَدْ رَحِمْتَهٗ وَذٰلِكَ	تو تو نے اس پر رحم کیا اور وہ بڑی
هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○	کامیابی ہے۔

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ	اور میری اولاد میں صلاحیت دے
اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ	اور میں تیری طرف رجوع ہوا اور
مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○	میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا	اے ہمارے پروردگار بخش ہم کو اور
الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ	ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے
وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا	پہلے ایمان لائے اور نہ کر ہمارے دلوں

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

غِلًّا لِّلَّذِيْنَ آمَنُوْا	میں بُرائی اُن لوگوں کے لئے
رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ	جو ایمان لائے، اے پروردگار بیشک
رَّحِيْمٌ ○	تو بڑی شفقت والا مہربان ہے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم
کی دعائیں

دین و دنیا
کی جامع
دعائیں

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں

دین و دنیا کی جامع دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	الٰہی میں تجھ سے بخشش
الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ	اور سلامتی چاہتا ہوں دنیا
الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔	اور آخرت میں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	خدایا میں تجھ سے ہدایت،
الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَ	خدا ترسی، پاک دامنی اور
الْعَفَافَ وَالْغِنٰی۔	استغنا کا سوال کرتا ہوں۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا۔

خدایا میں تجھ سے مفید علم، پاک روزی اور مقبول عمل مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ ارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

خُدایا میری بخشش فرما، مجھ پر رحم کر، مجھے سلامتی دے اور رزق عطا کر۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ

اے اللہ میرے لئے میرا دین بنا دے جو میرا آسرا ہے اور میرے لئے میری دُنیا بنا دے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

فِيهَا مَعَاشِي وَاَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي فِيهَا مَعَادِي وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِّي فِي كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّي مِنْ كُلِّ شَرٍّ۔

جو میری زندگی ہے اور میرے لئے میری آخرت بنا دے جس میں مجھے لوٹ کر جانا ہے اور زندگی کو میرے لئے ہر بھلائی میں ترقی کا ذریعہ بنا اور موت کو ہر برائی سے نجات کا سبب بنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ

الٰہی میں تجھ سے ایسا لطف چاہتا ہوں جو ختم نہ ہو اور آنکھ کی ایسی ٹھنڈک جو زائل نہ ہو اور تجھ سے چاہتا ہوں تیرے فیصلہ پر

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَلْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔ تسلیم و رضا اور موت کے بعد پُر لطف زندگی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عَيْشَةً نَقِيَّةً وَمِيْتَةً سَوِيَّةً۔ اے اللہ میں تجھ سے اچھی زندگی اور اچھی موت چاہتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَ اَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ اے اللہ ہمارا انجام اچھا کر تمام کاموں میں اور ہم کو دنیا اور آخرت کی رسوائی سے بچا۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

مَغفِرَت اور عَفو کی دُعائیں

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ
اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ
الرَّحِیْمُ۔

میرے پروردگار مجھے بخش اور
میری توبہ قبول فرما بیشک
تو بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ
تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ
عَنِّیْ۔

الٰہی تو بہت معاف کرنے
والا ہے، معاف کرنے کو پسند
کرتا ہے تو مجھے معاف کر۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ

خُدایا میری تقصیر، میری نادانی

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَجَهْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ۔

میری اپنے کام میں زیادتی اور جس کو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے معاف کر۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمَدِیْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ۔

الٰہی مجھ سے سچ مچ اور ہنسی سے اور غلطی سے اور ارادتاً جو تقصیر ہوئی ہو، معاف فرما اور یہ سب مجھ سے ہوا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ

الٰہی میرے اگلے پچھلے، کھلے چھپے اور جن گناہوں کو تو زیادہ

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ۔

جانتا ہے، معاف فرما۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

اے اللہ میں نے اپنے نفس پر بہت ہی ظلم کیا ہے اور تیرے سوا کوئی مغفرت نہیں کرتا، اپنی طرف سے مغفرت فرما، تو بڑی مغفرت اور رحم کرنے والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ

اے اللہ مجھ میں اور میری

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ	غلطیوں میں اتنی دُوری کر دے
بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ	جتنی مشرق و مغرب میں ہے
اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنَ الْخَطَايَا	اے اللہ مجھے گناہوں سے ایسا
كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ	صاف کر دے جس طرح سفید
الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ	کپڑا صاف کیا جاتا ہے۔ اے
اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ	اللہ میرے گناہوں کو پانی سے
بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ	برف سے، اولے سے دھو دے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

دین و ایمان، خدا کی محبت و خوف، طاعت کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِکَ وَ	اے اللہ ہماری مدد فرما اپنی یاد اپنے
شُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ	شکر اور اپنی اچھی بندگی پر

اَللّٰھُمَّ اٰتِ نَفْسِیْ تَقْوٰھَا وَ	خدایا میری طبیعت کو خوف و
زَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ	احتیاط دے اور اس کو پاک کر
زَکّٰھَا وَاَنْتَ وَلِیُّھَا وَ	تجھ سے اچھا اسکو پاک کرنے والا
مَوْلٰھَا۔	کوئی نہیں تو ہی اسکا کارساز و مالک ہے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَللّٰھُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ۔

الٰہی دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری پر پھیر دے۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ۔

اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ۔

اَللّٰھُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْیَتِكَ مَا یَحُوْلُ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مَعَاصِیْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ

اے اللہ ہمیں اپنے خوف کا ایسا حصّہ دے جو ہمارے اور تیری نافرمانیوں کے درمیان آڑ بن جایا کرے اور ایسی فرمانبرداری جس سے تو

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا۔

ہمیں اپنی جنت میں پہنچا دے اور ایسا یقین جس سے تو ہم پر دنیا کی مصیبتیں ہلکی بنا دے۔

اَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَ كَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ۔

تجھ سے تیرا ڈر مانگتا ہوں حاضر و غائب میں، اور سچائی کی بات خوشی اور غصہ میں۔

وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا

ہمارے دین میں کوئی مصیبت نہ ڈال اور دنیا کو ہمارا

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ	سب سے بڑا مقصد، کل معلومات اور
عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا۔	سب سے بڑی خواہش نہ بنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ	اے اللہ میں تجھ سے تیری محبت کا
وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ	سائل ہوں اور اس کی محبت کا
وَالْعَمَلَ الَّذِیْ	جو تجھ سے محبت کرے اور اس
يُبَلِّغُنِیْ حُبَّكَ	عمل کا جو مجھے تیری محبت کو پہنچا دے
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ	اے اللہ اپنی محبت کو مجھے اپنے
اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ اَهْلِیْ	گھر والوں سے، اپنی جان سے اور
وَمِنْ نَّفْسِیْ وَمِنَ الْمَاءِ	ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ مرغوب
الْبَارِدِ۔	کر دے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ
الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَا اَبْقَیْتَنِیْ
وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَکَلَّفَ
مَالَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ
حُسْنَ النَّظَرِ فِیْمَا
یُرْضِیْکَ عَنِّیْ۔

اے اللہ مجھ پر ایسا رحم کر کہ ہمیشہ
جبتک تو مجھے زندہ رکھے گناہوں سے
بچا رہوں اور ایسی چیز کے پیچھے
نہ پڑوں جو میرے مطلب کی نہ ہو
اور مجھے بصیرت عطا فرما ان چیزوں
کی جو تجھے مجھ سے خوش کریں۔

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا
الْاِیْمَانَ وَزَیِّنْہُ فِیْ
قُلُوْبِنَا وَکَرِّہْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ
وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَ

اے اللہ ہمیں ایمان محبوب بنا دے
اور اسکو ہمارے دلوں میں اچھا رکھ
اور ہمیں انکار گناہ اور نافرمانی سے
نفرت پیدا کر دے اور ہم کو نیک

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ۔ چلن بنا دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ — اے اللہ میرے دل میں روشنی کر

نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ — میرے کان میں روشنی کر

نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ — میری آنکھ میں میرے

نُوْرًا وَّاجْعَلْ اَمَامِيْ — سامنے میرے پیچھے

نُوْرًا وَّاجْعَلْ خَلْفِيْ — میرے نیچے روشنی کر

نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ تَحْتِيْ — اور میرے لئے روشنی

نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا۔ بڑھا۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ — اے اللہ ہمارے پروردگار

۱۱۱۲
۳۳۳۴

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّكَ	اور ہر چیز کے پالنے والے میں
اَنْتَ الرَّبُّ وَحْدَكَ	گواہ ہوں کہ تو اکیلا پروردگار ہے
لَاشَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ	تیرا کوئی ساجھی نہیں، اے
رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ	اللہ ہمارے پالنے والے اور
اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا	ہر چیز کے پالنے والے میں
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	گواہ ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)
عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ	اللہ کی رحمت اور سلام ہو ان پر
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ	تیرے بندے اور تیرے پیغمبر
كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ	ہیں۔ اے اللہ ہمارے پالنے
اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ اِخْوَةٌ	والے اور ہر چیز کے پالنے
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ	والے میں گواہ ہوں کہ سارے بندے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

شَيْئٌ اِجْعَلْنِيْ مُخْلِصًا
لَّكَ وَاَهْلِيْ فِيْ كُلِّ
سَاعَةٍ فِي الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ۔

بھائی بھائی ہیں، اے اللہ ہمارے
پالنے والے اور ہر چیز کے پالنے
والے مجھے اور میرے متعلقین کو دنیا
اور آخرت میں ہر وقت مخلص رکھ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ
كَاَنِّيْ اَرَاكَ اَبَدًا
حَتّٰى اَلْقَاكَ وَاَسْعِدْنِيْ
بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ
بِمَعْصِيَتِكَ۔

اے اللہ مجھے ایسا خوف عطا
فرما جیسے میں تجھے ہمیشہ دیکھتا
ہوں اور مجھے اپنے تقویٰ سے
خوش نصیب کر اور اپنی نافرمانی
سے بدنصیب نہ بنا۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اخلاق وصفاتِ حسنہ کی دُعائیں

اَللّٰھُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ۔

اے اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میرے اخلاق بھی اچھے کر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ صِحَّۃً فِیْ اِیْمَانٍ وَاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ۔

اے اللہ میں تجھ سے صحت ایمان کے ساتھ اور ایمان حُسنِ اخلاق کے ساتھ مانگتا ہوں۔

اِھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا

مجھے توفیق دے اچھی خصلتوں کی، اچھی خصلتوں کی توفیق تو ہی دے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ	سکتا ہے اور بُری خصلتیں مجھ سے
سَیِّئَهَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ	دُور کر، بُری خصلتوں کو تو ہی دُور
سَیِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ۔[1]	کر سکتا ہے۔

وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا	تجھ سے سچّی زبان، صاف دل اور
وَقَلْبًا سَلِیْمًا وَخُلُقًا مُسْتَقِیْمًا	دُرست اخلاق مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فِعْلَ	اے اللہ میں تجھ سے نیکیوں کے
الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ	عمل کی اور بُری باتوں کے چھوڑ
الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ	دینے کی اور غریب بے چارہ لوگوں

[1] یہ تہجد کی نماز کا ایک ٹکڑا ہے اس سے حسن اخلاق کی اہمیت کا اندازہ ہو سکتا ہے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

الْمَسَاكِيْنَ ۔	سے محبت کی دعا کرتا ہوں۔
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَ	اے اللہ مجھے بہت صابر بہت
اجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا وَاجْعَلْنِيْ	شاکر اور مجھے میری نگاہ
فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَفِيْ	میں حقیر اور دوسروں
اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ۔	کی نگاہوں میں بڑا بنا۔
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَ	اے اللہ میں تیرا بندہ ہوں اور
ابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ	تیرے بندے کا لڑکا ہوں اور
نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ	تیری لونڈی کا بیٹا ہوں،
فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ	میری پیشانی تیرے ہاتھ ہے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

قَضَاءُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ	تیرا حکم مجھ پر جاری ہے تیرا
اِسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ	فیصلہ مجھ پر انصاف کا ہے
بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ	میں تجھے تیرے ہر نام کے
فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ	وسیلہ سے جو تو نے اپنا رکھا ہو
اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ	یا اپنی کتاب میں اتارا ہے یا
اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ	کسی کو سکھایا ہے اپنی مخلوق سے
عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ	یا علم غیب میں تو نے رکھا کہ تو
اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ	قرآن کو میرے دل کی بہار اور
الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ	میری آنکھوں کی روشنی اور میرے
وَنُوْرَ بَصَرِيْ وَجَلَاءَ	غم کی صفائی اور میرے رنج کی
حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ.	دوری فرما۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ	پاک ہے اللہ جو بڑے عرش کا
الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ	مالک ہے، تعریف ہے اللہ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	کی جو تمام عالم کا پالنے والا ہے
اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ	(اے اللہ) میں تجھ سے تیری
وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ	رحمت و مغفرت کے اسباب اور
وَالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ	ہر گناہ سے حفاظت اور ہر نیکی
وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ	کا حصول اور ہر گناہ سے
وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ	سلامتی طلب کرتا ہوں، مت
لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا	چھوڑ میرا کوئی گناہ مگر اس کو
غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا	معاف کر دے اور نہ کوئی غم مگر
اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا	اس کو کھول دے نہ کوئی تکلیف

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اِلَّا نَفَّسْتَهٗ وَلَا ضُرًّا	مگر اس کو دُور کر دے اور نہ کوئی
اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا حَاجَةً	مُصیبت مگر اس کو کھول دے نہ
هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا	کوئی حاجت جو تیری رضامندی
قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ	کی ہو مگر اسکو پُورا فرما دے اے رحم
الرَّاحِمِيْنَ۔	کرنیوالوں میں بڑا رحم کرنے والے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ	اے اللہ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں
الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ	رضامندی فیصلہ کے بعد اور زندگی
وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ	کا آرام موت کے بعد اور تیرے دیدار
الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ	کا مزہ اور تیرے ملنے کا اشتیاق
اِلٰى وَجْهِكَ وَشَوْقًا اِلٰى	بغیر کسی سختی کے جو پریشان کرے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

لِقَائِكَ فِی غَیْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَعْتَدِیَ اَوْ یُعْتَدٰی عَلَیَّ اَوْ اَكْسِبَ خَطِیْئَةً اَوْ ذَنْبًا لَا تَغْفِرُهٗ۔

اور فتنہ سے جو گمراہ کرے اور پناہ لیتا ہوں تیری اس بات سے کہ میں ظلم کروں یا مجھ پر کیا جائے یا میں حد سے بڑھوں یا مجھ پر حد سے بڑھا جائے میں کوئی غلطی یا گناہ کروں جس کو تو نہ معاف کرے۔

وَسَدِّدْ لِسَانِیْ وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ۔

میری زبان کو درست کر، میرے دل کو سیدھا رکھ اور میرے سینے کے روگ کو نکال دے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ۔

اے اللہ مجھے اس پر قانع کر دے جو تو نے مجھے دیا۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ اَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ كُلَّهٗ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ

اے زندہ اور اے سنبھالنے والے تیری رحمت سے فریاد کرتا ہوں میری ساری حالت درست کر دے اور مجھے میری طبیعت پر ایک لمحہ کیلئے نہ چھوڑ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ سَرِیْرَتِیْ خَیْرًا مِّنْ عَلَانِیَتِیْ وَ اجْعَلْ عَلَانِیَتِیْ صَالِحَةً۔

اے اللہ میرا باطن میرے ظاہر سے بہتر کر اور میرا ظاہر اچھا کر۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اخلاقی و روحانی امراض و عیوب سے نجات کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ
مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ
وَالْاَعْمَالِ وَالْاَھْوَاءِ۔

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا
ہوں بُرے اخلاق بُرے اعمال
اور بُری خواہشات سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ
مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ
وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ۔

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا
ہوں، جھگڑے، دورُخی اور
بدخُلقی سے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ	اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں
الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ	عاجزی، سستی، بزدلی اور بخل سے
وَالْبُخْلِ وَالْکُفْرِ وَالْفُسُوْقِ	اور کفر سے گناہ سے، جھگڑے سے
وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَۃِ وَالرِّیَاءِ	شہرت کی خواہش اور دکھاوے سے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ	اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں
عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ[1] وَمِنْ قَلْبٍ	غیر مفید علم سے اور ایسے دل سے جو
لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا	نہ ڈرے اور ایسی طبیعت سے جو سیر نہ ہو
تَشْبَعُ وَاَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ	اور میرے دل کی جلن کو دور کر دے

---

[1] غیر مفید علم جو اصلاح و ہدایت و نجات کے لئے مفید نہ ہو یہ مطلق "علم" پرستوں کے لئے قابلِ غور ہے۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

انسانی ضروریات کی دعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	اے اللہ میں تجھ سے معافی چاہتا
الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ	ہوں اور آرام و سلامتی اپنے دین
دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ	میں اور دُنیا اور گھر والوں اور
وَمَالِیْ۔	مال میں۔

اَللّٰھُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا	یا اللہ ہمارا ہر گناہ بخش دے ہر
ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا	فکر دُور فرما دے۔ ہر مرض
ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا	اچھا کر دے اور دُنیا اور آخرت
دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَہٗ وَلَا	کی ضرورت پوری کر دے

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا — سب رحم کرنے والوں میں
وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا — سب سے زیادہ رحم
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. — کرنے والے۔

اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَ — ہمارا قرض ادا کروادے اور ہم کو
اَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ. — فقر سے غنی کر۔

مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا — ہم کو اپنے کانوں سے اپنی آنکھوں
وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا — سے اور اپنی قوت سے فائدہ اُٹھانیکا
وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ — موقع دے اور اسکو ہمارے بعد باقی
مِنَّا وَاجْعَلْ ثَارَنَا — رکھ اور ہمارا انتقام لے اُن لوگوں

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا — سے جو ہم پر ظلم کریں اور ہماری
عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تُسَلِّطْ — مدد کر ہمارے دشمنوں پر اور ہم پر
عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔ — ایسے کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔

اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا — اے اللہ ہم کو بڑھا اور مت گھٹا
تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَ — اور ہمیں عزت دے اور ہمیں ذلیل
لَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا — نہ کر اور ہمیں عطا فرما اور ہمیں
وَلَا تَحْرِمْنَا۔ — محروم نہ رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا — اے اللہ ہمارا انجام اچھا کر تمام
فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا — کاموں میں اور ہم کو دنیا اور

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

اور آخرت کی ذلت سے بچا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ وَ اِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَ اِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ۔

اے اللہ میں کمزور ہوں، مجھے مضبوط کر، میں ذلیل ہوں مجھے عزت دے، میں محتاج ہوں مجھے رزق دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُبَارِكَ فِیْ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَفِیْ رُوْحِیْ

اے اللہ میں تجھ سے چاہتا ہوں کہ تو میری سماعت، میری نگاہ، میری روح، میرے جسم،

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَفِيْ خَلْقِيْ وَفِيْ خُلُقِيْ
وَفِيْ اَهْلِيْ وَفِيْ
مَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ.

میرے اخلاق، میرے متعلقین
اور میری زندگی اور میری موت
میں برکت دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ
رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ
كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ
عُمُرِيْ.

اے اللہ میری سب سے زیادہ
کشادہ روزی میرے بڑھاپے
اور میرے خاتمہ کے
وقت کر۔

اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا
بَرَكَتَهَا وَنِيْنَتَهَا وَ

اے اللہ ہماری زمین میں اسکی
برکت، رونق اور آبادی

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

وَسَكَنَهَا۔ رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ مِنَ الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَآلٍّ وَّلَا مُضِلٍّ۔

یا اللہ میں اچھا مال، متعلقین اور ایسی لائق اولاد چاہتا ہوں جو نہ گمراہ ہو اور نہ گمراہ کرنے والی ہو۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

دُنیاوی مکروہات اور بلاؤں سے حفاظت کی دُعائیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔[1]

اے اللہ میں تجھ سے معافی اور دُنیا اور آخرت میں آرام و سلامتی مانگتا ہوں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ

اے اللہ میں تیری فکر و غم سے

---

[1] یہ دُعا بہت جامع ہے اور اسکی رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بہت تاکید فرماتے اور خاص موقعوں کیلئے اس کو بتاتے تھے، آپؐ فرماتے تھے کہ یقین کے بعد عافیت، امن، سلامتی اور ہر بلا سے حفاظت سب سے بڑی نعمت ہے، اس لئے تین مرتبہ نقل ہوئی ۱۲۔

More Books Visit www.iqbalkalmati.blogspot.com

مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ
وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ
الرِّجَالِ وَالْهَرَمِ وَسُوْءِ
الْكِبَرِ وَاَعُوْذُبِكَ
مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى
اَرْذَلِ الْعُمُرِ۔

